سوال

انبیاء اولیاء سے بعدوفات فیوضات روحانی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

انبیاء اولیاء سے بعدوفات فیوضات روحانی حاصل ہوتے ہیں یانہیں ؟ بہت مرتبہ خوابات کے ذریعہ اہل اللہ نے فیوض روحانی پہنچائے ہیں۔ اورکیا اس کاانکارایک تواتر کاانکار ہے ؟ اورکیااس کاامکان شرعاً ہوسکتا ہے ؟ اموات کےلیے مسماع وادراک احادیث سے ثابت ہے یانہیں ؟ ازراہِ کرم کتاب وسنت کی روشنی میں جواب دیں جزاکم اللہ خیرا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

فیض روحانی جس کے اہل بدعت قائل ہیں کہ ان سے استمداد وغیرہ کی جائے یہ غلط ہے ہاں خوابات میں ملاقات سے انکارنہیں۔ خواب میں رسول اللہ ﷺ سے ملاقات ہوتی ہے مسائل بھی دریافت کیے جاتے ہیں۔ اسی طرح دوسرے بزرگ بھی ملتے ہیں مگریہ شئے اختیاری نہیں جب خدا چاہتا ہے ایسا ہوجاتا ہے۔ جیسے عام طورپرخوابوں کی حالت ہے۔۔۔۔۔اوربعض دفعہ شیطانی دھوکے بھی ہوتے ہیں۔ اس لیے یہ کوئی پوری اعتماد والی شئے نہیں اور رسول اللہ ﷺ کی صورت میں اگرچہ شیطان نہیں بن سکتا۔ مگرپورا حلیہ کس کومحفوظ ہوتا ہے کہ وہ تمیز کرسکے اوراگرشاذونادرکسی کومحفوظ ہواوراس کوپوری تسلی ہوجائے کہ یہ رسول اللہ ﷺ ہیں توپھر اعتماد ہوسکتا ہے مگرخدا جن کو یہ درجہ دیتا ہے وہ عموما اپنی حالت کوچھپاتے ہیں۔ اس لیے عام دعوی کرنے والوں کے دھوکہ میں نہیں آنا چاہیے۔

وباللہ التوفیق

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الایمان، مذاہب، ج1ص155